## سوال

(26) رمضان کے روزوں کی قضائی سے پہلے فوت ہوجانا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرے والد نے 21 رمضان کو روزہ چھوڑ دیا تھا جب کہ وہ مریض تھے اور نو شوال کو اسپتال میں وفات پاگئے تو ان کے رہ جانے والے روزوں کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب کوئی شخص ایسے مرض میں بتلا ہو جس سے شفا کی امید نہ ہو تو ایسے مریض کی طرف سے ہر دن کے روزہ کے عوض ایک مسکین کو کھانا کھلایا جائے گا لیکن اگر مرض ایسا ہو جس سے شفا کی امید تو ہو مگر رمضان گزرنے کے بعد مرض میں اضافہ ہو جائے یہاں تک کہ مریض فوت ہو جائے جیسا کہ آپ کے خط سے ظاہر ہوتا ہے تو ایسی حالت میں اس کے ذمے کوئی چیز نہیں ہے اس لئے کہ متوفی پر قضا واجب تھی مگر وہ اس کا موقع نہ پا سکا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الصیام

صفحہ: 78

محدث فتویٰ